مگراب کئی کتابیں وراثت کے اُصول واحکام، ضروری اصطلاحوں اور مقدارِ حصص کو واضح کرنے کے لیے موجود ہیں۔ایسی ہی ایک آسان اور مختصر کتاب کا اضافہ بر نی صاحب نے کیا ہے۔ اس میں متعدد عملی نقشہ ہائے تقسیمِ حصص بنا کے دکھائے گئے ہیں۔

یوں تو اب حکومتی اور عدالتی سطح پر بھی اس قانون کی ضرورت ہے، مگر عام آدمی اور شہری کو معلوم ہونا چاہیے کہ اسے کسی سے کیا لینا ہے یا کسی کو کیا دینا ہے۔

اقبالیات | مدیر: مرزا محمد منور۔ بہ اہتمام: اقبال اکیڈیمی پاکستان۔ ۱۳۹ اے، نیو مسلم ٹاؤن لاہور۔ سفید کاغذ، خوش نما ٹائیٹل۔ قیمت فی شمارہ -/۲۰ روپے۔ سالانہ -/۶۰ روپے

اقبال کی شخصیت، فکر اور سوانح کے متعلق پاکستان بھر میں یہ سہ ماہی رسالہ بہت مؤقر ہے، جس کے اردو اور انگریزی ایڈیشن باری باری شائع ہوتے ہیں۔اس کو رتبۂ بلند دینے میں بہت بڑا حصہ پروفیسر مرزا محمد منور کا ہے، جو بیک وقت قرآن و حدیث، تحریکِ پاکستان اور اقبالؒ کے متعلق جامع شعور رکھتے ہیں۔جولائی ستمبر ۱۹۸۸ء کا یہ شمارہ علامہ مرحوم کی پچاسویں برسی کے موقع پر تیسری خصوصی اشاعت کی صورت میں شائع ہوا ہے۔نہایت متنوع اور اچھے اچھے مقالات کا گلدستہ سجا کر پیش کیا گیا ہے۔

آل الشیرازی فی القرن العشرین | از جناب دکتور علی الموسوی۔

ناشر: اللجنۃ المشرفۃ علی الاحتفالات السنویہ۔ طہران۔ ص ۶۱/۲، ۱۳۱۸۵

یہ آلِ شیرازی کے سلسلہ کا بیان شیعی نقطۂ نظر سے ہے کہ اس کے بزرگوں نے بیسویں صدی میں کیا کیا حصہ ادا کیا۔پمفلٹ عربی ٹائپ میں ہے۔قیمت درج نہیں۔